# 8825 ـ تراويح ميں ايك ركعت زيادہ ادا كرلى

## سوال

نماز تراويح ميں امام نے تيسرى ركعت بھى ادا كر لى اور جب سلام پھيرا تو لوگوں نے اسے بتايا كہ آپ نے تين ركعت ادا كى ہيں، تو كيا وہ سجدہ سہو كرے يا كہ چوتھى ركعت مكمل كرے ؟

## پسنديده جواب

الحمد لله.

ہم نے مندرجہ بالا سوال فضيلة الشيخ محمد بن صالح العثيمين رحمہ اللہ تعالى كے سامنے ركھا تو ان كا جواب تھا:

وہ سجدہ سہو ادا كرے اور پھر دو دو ركعت ادا كر كے نماز تراويح مكمل كرے، جيسا كہ اگر يہ فرضى نماز ميں ہوتا.

انتہى .